**B.A. II Semester Degree Examination, April / May - 2019**
**Urdu(Optional)**
**Novel, Drama & Poetry**
New

Time : 3 Hours] [Maximum Marks : 80

نصاب : امراؤ جان ادا۔ انارکلی۔ دیوانِ غالب

تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

سوال (1) مناسب الفاظ کی مدد سے خانہ پُری کیجیے۔ **1 x 10 = 10**

1. اُردو کے پہلے ناول نگار..... ہے۔

(نذیر احمد۔ نظیر احمد۔ پریم چند)

2. ..... اُردو کا لازوال شاہکار ناول ہے۔

(کفن۔ امراؤ جان ادا۔ ابن الوقت)

3. غالب نے پہلے..... تخلص اختیار کیا۔

(اسد۔ سلطان پوری۔ رسواء)

4. ڈرامہ انارکلی شہزادہ سلیم اور ایک کنیز..... کی عشقیہ داستان ہے۔

(انارکلی۔ دلا آرام۔ مروارید)

5. غالبؔ کا انتقال..... میں ہوا۔

(لکھنو۔ آگرہ۔ دہلی)

6. بس کے دشوار ہے ہر کام کا..... ہونا۔

(مشکل۔ آسان۔ بہتر)

7. ڈرامہ میں..... عنصر بے حد ضروری ہے۔

(مکالمہ نگاری۔ زبان۔ پس منظر)



Scanned by CamScanner

8. ڈرامہ.....لفظ سے ماخوذ ہے۔

(یونانی۔انگریزی۔فارسی)

9. پھلوں میں غالب کو.....پھل پسند تھا۔

(آم۔انگور۔اخروٹ)

10. ان میں سے.....مرزا محمد ہادی رسوا کا ناول ہے۔

(ذات شریف۔گئودان۔مراۃ العروس)

سوال(2) کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔ 2 x 10 = 20

1. ناول کے فن کا جائزہ لیجیے۔
2. امراؤ جان ادا مرزا محمد ہادی رسوا کا شاہکار ناول ہے۔ بحث کیجیے۔
3. مرزا محمد ہادی رسوا کی ناول نگاری کا جائزہ لیجیے۔

سوال(3) کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔ 2 x 10 = 20

1. ڈرامہ کے اجزائے ترکیبی کا جائزہ لیجیے۔
2. امتیاز علی تاج کی ڈرامہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔
3. انارکلی ڈرامہ کس کا المیہ ہے، سلیم کا یا اکبر کا بحث کیجیے۔

سوال(4) کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔ 2 x 10 = 20

1. غالبؔ 1857ء کا چشم دید گواہ ہے، بحث کیجیے۔
2. غالبؔ کی شعری خصوصیات کو قلمبند کیجیے۔

Cont.3

Scanned by CamScanner

3. کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔

1) جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

2) ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا
نہ ہو مرنا تو جینے کا مزہ کیا

3) یہ نہ تھی ہماری قسمت کے وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

4) بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

5) کرے وعدے پر جسے ہم تو یہ جان چھوٹ جاتی
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

6) کتنے شیریں ہیں تیرے لب کے رقیب
گالیاں کھا کے بے مزہ نہ ہوا

**5 x 2 = 10**

سوال (5) کسی دو پر مختصر نوٹ لکھئے۔

1) غالب کی شوخی وظرافت

2) دلا آرام

3) ناول کے اجزائے ترکیبی

4) امراؤ جان

☆☆☆

Scanned by CamScanner

**B.A. II SemesterDegree Examination, April / May - 2019 :**
**URDU (Basic)**
**Prose, Poetry, Translation**
**(New)**

Time : 3 Hours] [Maximum Marks : 80

نصاب : گلدستہ ادب۔ترجمہ نگاری

تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

سوال(1) مناسب الفاظ کی مدد سے خانہ پُری کیجیے۔ **1 x 10 = 10**

1. اگلے جنم بٹیا نہ کچو قرۃ العین کا..... ہے۔

(ڈرامہ۔ناولٹ۔افسانہ)

2. بمبئی کی انڈر ورلڈ بہت..... ہے۔

(خراب۔خوفناک۔خطرناک)

3. وہ کب آتی ہے اس کی..... تو اتنی اونچی ہے۔

(گردن۔خوفناک۔خطرناک)

4. ارے بھئی اس طرح چیونٹی کی چال چلو گی تو کب..... پہنچیں گے۔

(سنیما۔گھر۔باغ)

5. گھروں کے طرز تعمیر سے مکینوں کی..... کا اندازہ ہوتا ہے۔

(خوشحالی۔بدحالی۔پریشانی)

6. مختصر یہ کہ..... کا ساتھ چولی دامن کا ساتھ ہے۔

(تحریر وتنقید۔تخلیق وتنقید۔بحث وتنقید)

7. عجیب بات ہے مرد بے وفائی کرے تو اسے..... پر بٹھایا جاتا ہے۔

(سر آنکھوں۔کرسی۔طاق)

Cont.2

Scanned by CamScanner

8. ولادت تو مادر زاد ہوتی ہے لیکن محمد علی کی ..... خانہ زاد تھی۔

(پرورش۔زندگی۔موت)

9. پردہ نشین ..... گاتی بجاتی نہیں ہیں۔

(خواتین۔خانگیاں۔لڑکیاں)

10. نام بدلے سے ..... تھوڑے بدل جاتی ہے۔

(حالات۔قسمت۔ہاتھوں کی لکیر)

سوال(2) کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔ 2 x 10 = 20

1. قرۃ العین حیدر کے ناولٹ اگلے جنم موہے بٹیانہ کیجو کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

2. افسانہ چادر میں موجودہ سلگتے موضوعات کو پیش کیا ہے، ثابت کیجیے۔

3. زاہدہ زیدی کے ڈرامہ وہ صبح بھی تو آئیگی پر مفصل روشنی ڈالیئے۔

4. رشید احمد نے محمد علی کی کن صفات کو اجاگر کیا ہے، واضح کریں۔

سوال(3) بحوالہ متن کسی چار کی تشریح کیجیے۔ $4 \times 2^{1/2} = 10$

1. ہمارا کیریئر اللہ میاں نے بنا پائے آپ کیا بنائیں گے۔

2. عورت ذات کی عقل ہی کمزور ہوتی ہے۔

3. تخلیقی عمل کوئی سطحی اور سرسری شئے ہرگز نہیں ہے۔

4. عام طور پر موت اپنا شکار خود منتخب کرتی ہے۔

5. تو نہیں چاہتی کہ میں یہ چادر لے جاؤں؟

6. سائیں تم نے سب کچھ تو دیکھ لیا، اب میرا حال دیکھ لو۔

Scanned by CamScanner

سوال(4) کسی چار اشعار کی تشریح کیجئے۔ $4 \times 2^{1/2} = 10$

1) تجھے آباء سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار وہ کردار، تو ثابت رہ سہارہ

2) ناز ہے طاقت گفتار پہ نادانوں کو
بات کرنے کا سلیقہ نہیں انسانوں کو

3) مفلس کا درد دل میں کوئی نکلتا نہیں
مفلس کی بات کو بھی کوئی مانتا نہیں

4) تعلیم سے جاہل کی جہالت نہ گئی
ناداں کو الٹا بھی تو ناداں رہا

5) کم ظرف اگر دولت و زر پاتا ہے
مانند حباب ابھر کے اتراتا ہے

6) میں کون اور ریختہ، ہاں اس سے مدعا
جز انبساطِ خاطر حضرت نہیں مجھے

سوال(5) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ $1 \times 10 = 10$

1. جواب شکوہ
2. مفلسی

سوال(6) کسی ایک مصنف اور ایک شاعر پر نوٹ لکھئے۔ $2 \times 5 = 10$

1. رشید احمد صدیقی
2. قرۃ العین حیدر
3. علامہ اقبال
4. غالب

Scanned by CamScanner

سوال(7) مندرجہ ذیل کا سلیس اور بامحاورہ اردو میں ترجمہ کیجئے۔ **1 x 10 = 10**

Sir Syed Ahmed Khan was born in 1817. His ancestors hold high ranks during Mughal rule. He was loves of learning and establised many schools. He grieved at the educational backwardness of muslims. He wished them to learn english and get scientific knowledge. He started MAO college in 1875, which is flourishing as the Muslim University Aligarh.

☆☆☆

Scanned by CamScanner

**B.Sc. II Semester Degree Examination, April / May - 2019**
**URDU (Basic)**
**Prose, Poetry, Translation**
**(New)**

Time : 3 Hours] [Maximum Marks : 80

نصاب : ادبی فن پارے۔ترجمہ

تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

سوال(1) مناسب الفاظ کی مدد سے خانہ پُری کیجیے۔ **1 x 10 = 10**

1. پڑیئے گر بیمار کے مصنف..... ہیں۔

(فرحت اللہ بیگ۔مجتبیٰ حسین۔مشتاق احمد یوسفی)

2. شام ہوئی تو ہمیں احساس ہوا کہ جب.....لیا ہے تو اس میں رکھنے کے لئے سامان بھی چاہئے۔

(شوکیس۔ریفریجریٹر۔الماری)

3. بہت کم ایسے.....گزرے ہیں جنہیں صحیح وقت پر مرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

(حکیم۔لیڈر۔ڈاکٹر)

4. فرحت اللہ بیگ نے.....مضمون لکھا ہے۔

(برف کی الماری۔کتے۔مردہ بدست زندہ)

5. یہ لوگ تو وہ ہیں کہ قیامت آئے گی تو اس کو بھی.....کر سامنے سے ہٹانے کی کوشش کریں گے۔

(بحث وتکرار۔ہارن بجا بجا۔رو رو)

6. یہ گھروں کے درمیان آکر.....کو جگانا کونسی شرافت ہے۔

(سوتوں۔لوگوں۔بچوں)

7. غالبؔ کے کلام کی ایک خصوصیت.....بھی ہے۔

(ظرافت۔حسن وعاشقی۔سنجیدگی)

Cont.2

Scanned by CamScanner

8. دردمند کش.....نہ ہوا۔

(دعا۔دوا۔مسیحا)

9. میر حسن کی مشہور مثنوی.....ہے۔

(گلزار نسیم۔سحر البیان۔برکھارت)

10. مثنوی کا مرکزی کردار.....ہے۔

(بے نظیر۔نجم النساء۔فیروز شاہ)

سوال(2) کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔ 2 x 10 = 20

1. مجتبیٰ حسین کے مضمون برف کی الماری کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

2. کسی شخص کی موت پر زندہ لوگوں کا احوال مردہ بدست زندہ کے حوالے سے بیان کیجیے۔

3. یوسفی نے پڑیئے گر بیمار میں خراج پرسی کرنے والوں کی قسمت اور بیمار کی ذہنی کیفیت کو بہترین انداز میں پیش کیا ہے، واضح کیجیے۔

4. مضمون کتے میں پطرس نے ان کے عادات واطوار کا بغور مطالعہ کیا اور انھیں باریک بینی کے ساتھ پیش کیا، ثابت کیجیے۔

سوال(3) بحوالہ متن کسی چار جملوں کی تشریح کیجیے۔ $4 \times 2^{1/2} = 10$

1. آپ بھی ضدی آدمی ہیں، لاکھ سمجھایا کہ اپنا ذاتی مکان بنوالیجئے۔آپ کے کان پر جوں نہیں رینگتی۔

2. چالیس برس سے اسی دنیا میں لگاتار زندہ ہو لیکن تمہیں مہمان نوازی کے آداب نہ آئے۔

3. محض خدا کے برگزیدہ بندہ کی آزمائش مقصود ہوتی ہے۔

4. یہ لوگ تو وہ ہیں کہ قیامت آئے گی تو اس کو بھی ہارن ہارن بجا بجا کر سامنے سے ہٹانے کی کوشش کریں گے۔

5. چوکیداری کی چوکیداری، موسیقی کی موسیقی

6. بڑے آدمی بھی ہیں، موٹریں بھی ہیں، گاڑیاں بھی ہیں۔

Cont.3

Scanned by CamScanner

سوال(4) کسی ایک سوال کا جواب لکھئے۔ 1 x 10 = 10

1. میر حسن کی مثنوی سحر البیان کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

2. اُردو مثنوی کے ارتقاء کو پیش کیجیے۔

3. کسی دو کرداروں پر نوٹ لکھئے۔

i) بدر منیر (ii) بے نظیر (iii) نجم النساء (iv) فیروز شاہ

سوال(5) کسی ایک سوال کا جواب لکھئے۔ 1 x 10 = 10

1. کلام غالب کی خوبیوں کو اجاگر کیجیے۔

2. غالب کے اخلاق و کردار کا مفصل جائزہ لیجیے۔

سوال(6) کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجئے۔ 5 x 2 = 10

1) کتنے شیریں ہیں تیرے لب کی رقیب
گالیاں کھا کے بے مزہ نہ ہوا

2) جان دی دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

3) ابن مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

4) بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

5) عاشقی صبر طلب اور تمنا بے تاب
دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہونے تک

ont.4

Scanned by CamScanner

(6

نہ سنو گر برا کہے کوئی
نہ کہو گر برا کرے کوئی

(7 آہ کو چاہئے اک عمر اثر ہونے تک
کون جیتا ہے تیرے زلف کے سر ہونے تک

(8 عشرت قتل گہہ اہل تمنا مت پوچھ
عید نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا

سوال(7) مندرجہ ذیل کا سلیس اور بامحاورہ اردو میں ترجمہ کیجئے۔ **1 x 10 = 10**

A women place is no longer in the home or rather that is not her only place. Now a days increasing numbers of women go out to work and very often look after the home and family as well. There are many reasons for this. Firstly the enormous and rapid rise in the cast of living has made a second salary a necessity, rather than a luxury for many families without it they world have to face a major cut in their slaudurds of living.

☆☆☆

Scanned by CamScanner

25205(New)

**B.Com/BBA/BBM II Semester Degree Examination, April / May - 2019**
**Urdu (Basic)**
**Prose, Poetry & Business Letters**

Time : 3 Hours] [Maximum Marks : 80

نصابی کتب : کاروبار وادب اور کاروباری خط وکتابت

تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

سوال (1) مناسب الفاظ کی مدد سے خانہ پُری کیجیے۔ **10 x 1 = 10**

1. ایک تاجر میں سب سے پہلی خوبی وحصول.....چاہیے۔

(فراست۔عقلمندی۔عقل سلیم)

2. کاروباری کامیابی میں تاجر کی.....کا بڑا ہاتھ ہوتا ہے۔

(ذاتی شخصیت۔قابل فہم۔خودداری)

3. تاجر میں ٹھیک بات کرنے کی.....ہوشیاری اور سلیقہ ہونا چاہئے۔

(قوت اعتمادی۔صلاحیت۔دانائی)

4. گفتگو اور تحریر دونوں کو.....کے مطابق ہونا چاہئے۔

(روزمرہ۔کامیابی۔قانون)

5. انہوں نے اول درجے میں.....کا امتحان کامیاب کیا تھا۔

(بی اے۔ایم اے۔میٹرک)

6. تعصب ایک بدترین.....ہے۔

(فعل۔خصلت۔عادت)

7. تعصب انسان کو ہزاروں طرح کی نیکیوں کے.....کرنے سے باز رکھتا ہے۔

(حاصل۔شیطان۔آدمی)

Scanned by CamScanner

8. ہنر اور فن اور ..... ایسی عمدہ چیزیں ہیں۔

(علم۔تجارت۔مدرسہ)

9. دوپہر کے قریب میں نے اسے ایک ..... سے لئے وہیے دیکھا۔

(مریض۔دوست۔انسان)

10. دوسروں پر جو اثر مرتب کرتے ہیں وہ آپ کی ..... ہے۔

(انسانیت۔شخصیت۔اخلاقیت)

سوال (2) کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔ 2 x 10 = 20

1. رشید حسن خاں کے نزدیک ''زبان دانی کے چند پہلو'' کا جائزہ لیجیے۔

2. کاروباری آدمی کا کردار کیسا اور کس طرح ہونا چاہئے، مفصل بیان کیجیے۔

3. انسان کی بدترین خصلتوں میں سے تعصب بھی ایک بدترین خصلت ہے، وضاحت کیجیے۔

(3) کسی چار جملوں کی بحوالہ متن تشریح کیجیے۔ 4 x 2.5 = 10

1. تاجر کی خوبیوں دونوں پر منحصر ہوتی ہے۔

2. ایک تاجر میں سب سے پہلی خوبی معقول عقل سلیم کی ہونی چاہئے۔

3. میاں صاحب زادے وقاضی کیا مانگے ہو، بھیک مانگو بھیک۔

4. ہمارا مذہب اور مذہبی علوم اور دنیاوی علوم بالکل علاحدہ علاحدہ چیزیں ہیں۔

5. لفظ شخصیت کی تشریح اور تعریف یوں تو بے شمار لوگوں نے کی ہے۔

6. وہ شخص خود اعتمادی سے سرشار ہوگا زندگی میں پیش آنے والی مشکلات پر قابو پا کر کامیابی حاصل کرتا ہے۔

Scanned by CamScanner

1 x 10 = 10

سوال(4) کسی ایک مضمون کا خلاصہ لکھئے۔

1. کاروباری آدمی کا کردار

2. تعصب

3. شخصیت اور خود اعتمادی

5 x 2= 10

سوال(5) متن کے حوالے سے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔

1) ہر ایک بات پر کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمہیں کہو کہ یہ انداز گفتگو کیا ہے

2) رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل
جب آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے

3) بنا ہے شہ کا مصاحب پھرے ہے اتراتا
وگر نہ شہر میں غالب کی آبرو کیا ہے

4) آئے کیا کیا یاد نظر جب پڑتی ان دلانوں پر
اس کا کاغذ چپکا دینا گھر کے روشن دانوں پر

5) یارو اپنے عشق کے قصے یوں بھی کم مشہور نہیں
کل تو شاید ناول لکھے جائیں ان رومانوں پر

6) کچھ یادگار شہر ستم گر ہی لے چلیں
آتے ہیں اس گلی میں تو پتھر ہی لے چلیں

7) یوں کس طرح کٹے گا کڑی دھوپ کا سفر
سر پہ خیال یار کی چادر ہی لے چلیں

Scanned by CamScanner

**2 x 10 = 20**

**سوال (6) کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے۔**

1) کاروباری حیثیت کی جانکاری کا نمونہ خط لکھئے۔

2) شکایت وازالہ شکایت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

3) تعارفی خطوط اور سفارش نامے کے اہم نکات بیان کیجیے۔

4) فرمائش اور تعمیل فرمائش کے اہم نکات کو پیش کیجیے۔

☆☆☆

Scanned by CamScanner